سبق: ۴

# تاج محل

تاج محل آگرہ میں ہے۔ یہ جمنا ندی کے کنارے ہے۔ یہ دنیا کے سات عجائب میں سے ایک ہے۔ یہ عمارت سنگِ مرمر سے بنی ہے۔ تاج محل دنیا کی سب سے خوبصورت عمارت ہے۔ اس عمارت کو ہندوستان اور باہر کے ملکوں کے ماہر فنکاروں نے بنایا تھا۔

شاہ جہاں ہندوستان کا شہنشاہ تھا۔ اس کی بیوی کا نام ممتاز محل تھا۔ شاہ جہاں اس کو بے حد چاہتا تھا۔ مرنے سے پہلے ممتاز محل نے شاہ جہاں سے کہا تھا کہ وہ اس کی یاد میں ایک شاندار مقبرہ تیار کرے جو بے مثال ہو۔ ممتاز محل کے انتقال کے بعد ان کی یاد میں شاہ جہاں نے تاج محل بنایا تھا۔

عمارت کے تہ خانہ میں دو قبریں ہیں۔ ایک قبر ملکہ ممتاز محل کی اور دوسری قبر شہنشاہ شاہ جہاں کی ہے۔ تاج محل کو دیکھنے کے لیے دنیا کے ہر ملک کے لوگ آتے ہیں۔ چاندنی رات میں تاج محل بہت خوبصورت نظر آتا ہے۔

★★★

